سوال

(250) نماز میں دعا بین السجدتین کی اسنادی حیثیت کیا ہے ؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

نماز میں دعا بین السجدتین کی اسنادی حیثیت کیا ہے ؟

((اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ وَارْحَمْنِیْ وَاجْبُرْنِیْ وَارْفَعْنِیْ وَعَافِنِیْ وَاھْدِنِیْ وَارْزُقْنِیْ))

''اے اللہ مجھے بخش دے ، مجھ پر رحم فرما اور میرے نقصان پورے کر اور مجھے بلندی عطا فرما ، مجھے

ہدایت دے ، مجھے عافیت سے رکھ اور مجھے روزی عطا کر۔''

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

شیخ البانی رحمہ اللہ تعالیٰ نے صفۃ الصلاۃ میں اس دعاء کو نقل کرنے کے بعد تعلیق میں لکھا ہے : ((ابوداؤد والترمذی وابن ماجۃ والحاکم وصححہ ووافقہ الذہبی))

فتاویٰ علمائے حدیث

جلد 04